Secondary Arabic (235)

یونٹ:2 سبق نمبر22: الطائر

سبق نمبر	سبق کا نام	زبان کی مہارتیں				زندگی کے عملی کام/سرگرمیاں/مہارتیں
		سننا/بولنا	پڑھنا	لکھنا	اصناف/قواعد/صنائع بدائع /اسلوب	
22	الطائر	نئے الفاظ کا گفتگو میں استعمال	شعر	شعر کی تفہیم اور سوالات کے جوابات	• شعر • عربی شعر کی سمجھ	آزادی کی قدروقیمت کو پہچاننا

سبق کا خلاصہ:

الطائر يقول إنه يحبّ الحرية و لا يحبّ القفص حتّى ولو كان من الذهب۔ وهويحبّ الأشـــجار و الغابة التى توجد فيها الطعام والشـــراب بالوفرة ولا يمكن لي أن أغني وأتغرّد في الحبس لأن الحبس ليس من طرق حياته۔

نئے الفاظ:

طرب	خوشی،مسرت
ذهب	سونا
غابات	جنگل
مطعم	کھانا کھانا (مطعم کا اصل مطلب ہے کھانے کی جگہ)
رائق	خوش گوار
مشرب	پینا(پینے کی جگہ کو مشرب کہتے ہیں)
استقی	میں پیتا ہوں
نبع	چشمہ
أعذب	بہت میٹھا،انتہائی شیریں
أصدح	گانا گاتاہوں

خاص باتیں:

- عربی شعر بھی اردو شعر کی طرح بحر پر مبنی ہوتاہے۔
- عربی شعر میں بھی ردیف اور قافیہ ہوتے ہیں۔
- آزادی اور حریت انسان اور حیوان دونوں کو بہت عزیز ہے۔

سمجھنے کی بات:

- غلامی اور پابندی کی زندگی کو پرندے تک نہیں کرتے۔ہر جاندار چاہتا ہے کہ وہ کھلی ہوا میں سانس لے اور اپنی مرضی کے مطابق زندگی گزارے۔

غور کرنے کی باتیں:

- ان اشعار میں لیس اور کان کا استعمال بتایا گیاہے۔
- لیس اور کان دونوں افعال ناقصہ میں سے ہیں۔
- یہ دونوں ہی جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں تومبتدا اسم ہوجاتاہے اور خبر،خبرہی رہتی ہے۔ مثلا:الولد جالس سے لیس الولد جالساً/کان الولدُ جالساً۔
- کان کا مضارع یکون ہے جب کہ لیس سے مضارع نہیں بنتا ۔

اپنی جانچ آپ کیجیے:

1- متن پر مبنی سوال:

- نحوی اعتبار سے صحیح جملے پر (✓)کا نشان لگائیں۔

إملا الفراغ بالكلمات المناسبة

(الف) لیس مذهب الطائر---------(الحبس،اليأس، الحرية)

(ب) لایرضی---------- القفص (الشجر،الطائر، الحجر)

(ج) غاية الطائر--------------- (الصحرا،الغابات،القفص)

(د) یصدح ------- مطلقاً (الطائر،الغراب،البلبل)

2- مختصر ترین جواب والا سوال:

- هل الحبس مذهب الطائر؟

3- مختصرجواب والا سوال:

- ماهي غاية الطائر؟

4- طویل جواب والاسوال:

- أكتب أهمية الحرية فی لغتك؟